اخبار الجامعة والجماعة

عیدالأضحیٰ کے موقع پر جامعہ علوم أثریہ اور جامعہ أثریہ للبنات میں تعطیلات

جامعہ کے شعبہ کتب میں تعطیلات مورخہ 17 دسمبر بروز سوموار بعد نماز ظہر سے شروع ہوکر 28 دسمبر جمعۃ المبارک کی شام تک ہوں گی جبکہ شعبہ حفظ میں 18 دسمبر بروز منگل 11:00 بجے سے شروع ہوکر 25 دسمبر منگل کی شام تک ہوں گی۔

جامعہ أثریہ للبنات کے تمام شعبہ جات میں تعطیلات مورخہ 13 دسمبر بروز جمعرات سے شروع ہوکر مورخہ 28 دسمبر جمعۃ المبارک کی شام تک ہوں گی۔ان شاءاللہ

مسجد اہل حدیث جوگیواڑہ کوٹلہ آئمہ کا افتتاح

مورخہ 9 نومبر بروز جمعۃ المبارک بعد از نماز عصر رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے مسجد اہل حدیث جوگیواڑہ کوٹلہ آئمہ جہلم کا افتتاح کیا، اس موقع پر رئیس الجامعہ نے ''معاشرے میں مسجد کی اہمیت وفضیلت'' پر مدلل اور عالمانہ درس ارشاد فرمایا۔ مولانا حافظ اخلاق احمد خطیب برطانیہ نے بھی مسجد کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور بتلایا کہ یہ مسجد ان کے بزرگوں حاجی محمد شریف مرحوم نے بنائی، اس موقع پر مولانا حبیب الرحمٰن نے نقابت کے فرائض سرانجام دیئے اور کہا کہ اب اس مسجد کو باقاعدہ طور پر جامعہ علوم أثریہ کے زیر نگرانی کر دیا گیا ہے۔ مسجد ہذا میں نماز باجماعت کے علاوہ صبح وشام بچوں کو ناظرہ وترجمہ قرآن کریم، مسنون نماز اور دعائیں پڑھانے کا انتظام کردیا گیا ہے۔

حاجی محمد حنیف ڈار، حاجی فضل کریم ڈار اور حاجی محمد رفیق ڈار کو صدمہ

مورخہ 18 ستمبر بروز منگل حاجی محمد حنیف ڈار، حاجی فضل کریم ڈار اور حاجی محمد رفیق ڈار (ڈار کلاتھ ہاؤس مین بازار) کی چچی محترمہ وفات پا گئیں۔انا للّٰہ وانا الیہ راجعون مرحومہ بڑی ہی نیک، بااخلاق اور صوم وصلوۃ کی پابند تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

عبداللہ (مخدوم آباد جادہ) کو صدمہ

مورخہ 22 نومبر بروز جمعرات عبداللہ (مخدوم آباد جادہ) کے والد محترم حاجی محمد زمان مختصر علالت کے بعد وفات پاگئے۔انا للّٰہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم جامع مسجد اہل حدیث مخدوم آباد جادہ کے مستقل نمازی ومعاون تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' وجامعہ علوم أثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)